16/06/2025

07.4O PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شیخ یاسین سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائینز

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔ اب آپ........سے خبریں سُنیے۔

*........ بھارت Cyprus کے ساتھ اقتصادی مراسم مزید مستحکم بنانے کے لئے پر عزم // وزیر اعظم نریندر مودی ۔

*........ جموں کشمیر میں قیام امن میں پولیس کا رول کلیدی اہمیت کا حامل // ادھمپور پولیس اکیڈمی میں پاسنگ آوٹ پریڈ سے لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کا خطاب ۔

*........ جموں کشمیر میں متاثر ہوئی سیاحتی سرگرمیوں کی بحالی کے لئے کوششیں جاری ۔

اور

*........ یوگا کے بین الاقوامی دن کے لئے تیاریاں عروج پر ۔

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندرمو دی نے Cyprus کے ساتھ اقتصادی رابطوں کو مزید مستحکم بنانے کے بھارت کے عزم کا اعادہ کیا ہے ۔ انہوں نے آج Cyprus میں کاروباری گول میز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان بہتر رشتوں سے کئی شعبوں میں کلیدی شراکت داری کو ممکن بنایا جا سکتا ہے ۔

کے ساتھ بات چیت کے دوران Nikos Christodoulides کے صدر Cyprus وزیر اعظم نے اختراعیت ،تجارت اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں اشتراک کو مزید مستحکم بنانے کے مختلف پہلووں پر تبادلہ خیال کیا ۔

وزیر اعظم ایوارڈ

Grand Cross of the Order of کے اعلیٰ ترین اعزاز Cyprus وزیر اعظم نریندرمو دی کو Makarios III سے نوازا گیا ہے ۔ اس سلسلے میں Nocosia کے صدارتی محل میں ایک تقریب منعقد ہوئی ۔

کی سرکار کا Cyprus اس موقعہ پر نریندرمو دی نے انہیں اس ایوارڈ سے نوازے جانے کے لئے شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ یہ اعزاز بھارت کے 140 کروڑ لوگوں کے نام کرتے ہیں ۔

-------

وزیر داخلہ

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے تمام ریاستوں اور یوٹیز کے ریلیف کمشنروں سے کہا ہے کہ وہ اگلے تین ماہ کے اندر اندر ہر ضلعے کے لئے قدرتی آفات سے پیدا ہونے والے امکانی حالات سے نمٹنے کا منصوبہ تیار کریں ۔

وزیر داخلہ آج نئی دلی میں ریلیف کمشنروں کی کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے قدرتی آفات سے پیدا ہونے والے حالات سے نمٹنے والے تمام اداروں کے کام کی ستائش کی ۔

-------

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ جموں کشمیر پولیس یوٹی میں امن و امان قائم رکھنے میں ایک اہم رول ادا کر رہی ہے ۔ اس بات کا اظہار انہوں نے آج شیر کشمیر پولیس اکیڈمی ادھمپور کے 17 ویں اور پروبیشنری سب انسپکٹرس کے 26 ویں بیچ کی پاسنگ آوٹ پریڈ DySPs میں سے خطاب کے دوران کیا ۔ اپنے فرائض کی انجام دہی کے دوران جان نچھاور کرنے والے پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے لیفٹنٹ گورنر نے کہا کہ پولیس فورس کو ملی ٹنسی کے خلاف لڑنے کے مکمل اختیارات دیئے گئے ہیں ۔

انہوں نے پولیس سے تاکید کی کہ وہ اپنی سرگرمیوں میں جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لائیں ۔ ایل جی نے تربیت مکمل کرنے والے پولیس افسروں سے تلقین کی کہ وہ لگن اور تندہی کے ساتھ اپنے فرائض انجام دیں ۔

------

پاسنگ آوٹ پریڈ کے بعد ان افسرو ں کو تندہی اور دیانت داری کا حلف دلایا گیا ۔

اس موقعہ پر جموں کشمیر پولیس کے سربراہ نلن پربھات اور جموں کی صوبائی انتظامیہ کے اعلیٰ افسران موجود تھے ۔

پیوش گوئل

صنعتوں کے وزیر پیوش گوئل نے اس بات پر مسرت کا اظہار کیا ہے کہ جموں کشمیر سے گلاس میوے کی پہلی کھیپ سعودی عرب کے لئے روانہ کی گئی ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا ہے کہ اس سے گلاس میوے کی صنعت سے وابستہ کسانوں کو فصل کی بہتر قیمتیں ملیں گی ۔ایک اور پوسٹ میں وزیر نے کہا ہے کہ مودی سرکار بھارت کو ہارٹیکلچر سیکٹر میں ایک عالمی بر آمد کار بنانے کے لئے اقدامات کر رہی ہے ۔

سکینہ ایتو

صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے آج سونہ مرگ کے دورے کے دوران شری امر ناتھ جی یاترا کے لئے کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا ۔ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے انہوں نے یاتریوں کو ہر طرح کی طبی سہولیات مہیا رکھنے کی ہدایت دی ۔ میٹنگ میں ایم ایل اے کنگن میاں مہر علی کے علاوہ دیگر کئی افسران موجود تھے ۔

DIG

پولیس مقصود الزمان کی صدارت میں آج شادی پورہ DIG اس دوران شمالی کشمیر رینج کے ٹرانزِٹ کیمپ میں ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس دوران شری امر ناتھ جی یاترا کے لئے کئے جا رہے سلامتی انتظامات کا جائزہ لیا گیا ۔

جاوید احمد رانا

قبائلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا نے آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران ٹرائبل ریسرچ انسٹیچوٹ کو مزید مستحکم بنائے جانے کے لئے کئے جا رہے اقدامات کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے اس مقصد کے لئے سبھی متعلقین کے ساتھ مضبوط تال میل قائم کرنے کی ہدایت دی ۔ وزیر نے کہا کہ قبائل کی بہبودی کے لئے موجودہ سرکار ٹھوس اقدامات کر رہی ہے ۔

سیاحتی مقامات

پہلگام حملے کے بعد جموں کشمیر میں سیاحت کے لئے بند کئے گئے مقامات میں سے 16 مقامات کو کل سے دو بارہ کھولا جا رہا ہے ۔ ان میں وادی کے پہلگام ، ککر ناگ اور بادام واری بھی شامل ہیں ۔ ککر ناگ ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے CEO
رو

---

ف رحمان نے ہمارے نمائندے تصدق رشید کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ ککر ناگ میں ۂ سیاحوں کی میزبانی کے لئے تمام طرح کے انتظامات کئے گئے ہیں اور مقامی انتظامیہ پوری طرح مستعد ہے۔

PDF

کے چیرمین حکیم محمد یاسین نے دودھ پتھری ، یوس مرگ اور توسہ میدان PDF اس دوران سمیت وادی میں باقی دیگر سیاحتی مقامات کو بھی کھولے جانے کا مطالبہ کیا ہے ۔

ٹراول ایجنٹس فیڈریشن

ٹراول ایجنٹس فیڈریشن آف انڈیا نے کہا ہے کہ کشمیر سیاحوں کیلئے پوری طرح محفوظ ہے اور زیادہ سے زیادہ سیاحوں کو کشمیر کی سیر کرنی چاہئے ۔ فیڈریشن کے ایک وفد نے حال ہی میں کشمیر آ کر یہاں سیاحوں کی اچھی خاصی تعداد کو پا کر اطمینان کا اظہار کیا ۔ بعد میں آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ ممبئی سے بات کرتے ہوئے فیڈریشن کے قومی صدر اجے پرکاش نے کہا۔

...........Ajay Prakash........

اطلاع

22  اپریل کے پہلگام حملے کے بعد جموں کشمیر میں متاثر ہوئے سیاحتی شعبے کی بحالی کے لئے کئے جا رہے اقدامات کے بارے میں آکاشوانی نیوز سرینگر کا تیار کردہ خصوصی پروگرام آج شام ساڈھے آٹھ بجے نشر ہو گا ۔ پروگرام کے مہمان ہیں ٹریول ایجنسٹس فڈریشن آف انڈیا کے قومی صدر اجے پرکاش ۔ ان کے ساتھ ہمکلام ہیں شعبہ خبر کے سربراہ طارق راتھر ۔

یوگا

یو گا کے بین الاقوامی دن کے سلسلے میں ملک بھر میں تیاریاں جا ری ہیں۔

انسان کی روزمرہ کی زندگی میں یوگا کی اہمیت کے بارے میں معروف یو گا تھرپسٹ اور یو گا سوسائٹی آف کشمیر کے بانی ڈائریکٹر شبیر احمد ڈار نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

-(Shabir Ahmad)--Byte--

بین الاقوامی دن

آج تارکینِ وطن اور مہاجرین کی جانب سے اپنے کنبوں کو رقومات بھیجنے کا بین الاقوامی دن منایا جا رہا ہے ۔ اس دن کو منانے کا مقصد اپنے وطن سے دور رہنے والے اُن افراد کی خدمات کو سراہنا ہے جو اپنے اہل خانہ کو مالی تعاون دیتے ہیں ۔ آج کے دن یہ شعور پیدا کیا جاتا ہے کہ خاندان کو بھیجی جانے والی رقومات کس طرح غربت میں کمی ، معاشی و مالی ترقی اور سماجی بہتری میں اہم رول کرتی ہیں ۔

اس دن کی مناسبت سے جب ہم نے دبئی میں روزگار کے سلسلے میں مقیم ایک کشمیری نوجوان مدثر احمد نجار کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا ۔

------BYTE-------

اس سلسلے میں مدثر احمد نجار کی والدہ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے اپنے جذبات کا کچھ اس طرح اظہار کیا ۔

-------BYTE ------

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کی موبائیل اپلیکشن نیوز آن

## فاروق عبداللہ

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ موجودہ سرکار جموں کشمیر کی تیز تر ترقی کے لئے ٹھوس اقدامات کر رہی ہے ۔ سرینگر میں پارٹی ہیڈ کوارٹر پر کارکنوں اور لیڈروں سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا کہ منتخبہ حکومت ہی عوام کے مسائل کا ازالہ کر سکتی ہے ۔

## طالب علم

پی ڈی پی صدر محبوبہ مفتی نے کہا ہے کہ ایران میں زیر تعلیم کشمیری طالب علم سخت پریشانیوں میں مبتلا ہو گئے ہیں ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے وزارت خارجہ سے ان طالب علموں کی بحفاظت وطن واپسی کو یقینی بنانے کے لئے اقدامات کرنے کا مطالبہ کیا ہے ۔

اس دوران وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اس معاملے کے تعلق سے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کے ساتھ بات کی ہے ۔ وزیر اعلیٰ نے کہا ہے کہ ایران سے کشمیری طالب علموں کی بحفاظت وطن واپسی کے لئے مناسب اقدامات کئے جا رہے ہیں ۔

## بھارتیہ جنتا پارٹی

بھارتیہ جنتا پارٹی جموں کشمیر کے صدر ست شرما نے کہا ہے کہ بی جے پی عوام کی راحت رسانی کو یقینی بنانے کے لئے وعدہ بند ہے ۔ آج جموں میں پارٹی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم کے عوام دوست منصوبوں نے ہر سطح پر سماجی برابری اور انصاف کو یقینی بنایا ہے ۔ اس موقعہ پر انڈین یوتھ کانگریس کے سابق ترجمان Vaibhav Ruckwal نے بی جے پی میں شمولیت اختیار کی ۔

## ابھیجیت جسروٹیہ

اِدھر بھارتیہ جنتا پارٹی جموں کشمیر کے ترجمان ابھیجیت جسروٹیہ نے آج بانڈی پورہ میں منعقد ہوئی وکست بھارت سنکلپ سبھا سے خطاب کیا ۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے کے لئے نریندر مودی کی سربراہی والی سرکار با معنی اقدامات کر رہی ہے ۔ اس دوران نوجوان قلمکار Aakshra Gupta کے شعری مجموعے Essentia کی رسم رونمائی انجام دی گئی ۔ تقریب میں جموں میں منعقدہ ایک تقریب پر BJP جموں کشمیر کے صدر ست شرما اور کئی دیگر لیڈران بھی موجود تھے ۔

نشہ مکت بھارت ابھیان

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

...........(PM)....Byte...........

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے مینوادی کے ایک مذہبی سکالر اور سماجی کارکن سید محمد اشرف کاملی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

(Kaamli) --V/O--

NCC

گروپ ہیڈ کوارٹرس نگروٹہ جموں میں NCC کی آٹھ جے اینڈ کے گرلز بٹالین کے اہتمام سے NCC کیمپ آج اختتام پذیر ہوا ۔ اس کیمپ میں جموں کشمیر اور لداخ سے NCC سات جون کو شروع ہوا اور یوگا کے PT تعلق رکھنے والے کئی کیڈٹس نے شرکت کی ۔ کیمپ کے دوران کیڈٹس نے علاوہ دیگر کئی سرگرمیوں میں شرکت کی ۔ اس دوران حب الوطنی کے موضوعات پر کئی فلمیں بھی دکھائی گئیں ۔

منگولیہ

میں مختلف ممالک کے فوجوں کی Hills Training Area کے Ulaanbaatar 5 منگولیہ کے شہر مشترکہ مشق جاری ہے ۔ اس فوجی مشق کی افتتاحی تقریب میں بھارت کے بچاو سیکریٹری راجیش کمار سنگھ اور منگولیہ میں بھارتی سفیر اتُل مَلہاری کے علاوہ دیگر کئی شخصیات نے شرکت کی ۔14 جون کو شروع ہوئی یہ مشترکہ فوجی مشق، جس میں 24 ممالک کی فوجیں حصہ لے رہی ہیں ،28 جون تک جاری رہے گی ۔

پولیس

ملی ٹنسی مخالف کاروائیوں کو جاری رکھتے ہوئے جموں کشمیر پولیس کی سٹیٹ انویسٹگیشن ایجنسی نے ہندواڑہ سے تعلق رکھنے والے پاکستان میں مقیم عبدالحمید لون نامی ایک ملی ٹنٹ کی جائیداد اٹیچ کی ہے ۔

جل جیون مشن

جل جیون مشن کے مشن ڈائریکٹر خورشید احمد شاہ نے آج ایک ورچول میٹنگ کے دوران جموں کشمیر میں عملائی جا رہی مختلف سکیموں کا جائزہ لیا ۔انہیں بتایا گیا کہ یوٹی میں مشن کے تحت تین ہزار 2 سو سکیموں کا کام در دست لیا گیا ہے جن میں سے ایک ہزار 486 سکیمیں مکمل کی گئی ہیں ۔ مشن ڈائریکٹر نے " ہر گھر نل سے جل " کے اہداف کو جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت دی ۔

مردم شماری

مرکزی سرکار نے ملک میں مردم شماری کرانے کے لئے نوٹفکیشن جاری کیا ہے ۔ وزارت داخلہ کی جانب سے جاری اس نوٹفکیشن کے مطابق مردم شماری کے لئے ریفرنس کی تاریخ یکم مارچ 2027 مقرر کی گئی ہے تاہم جموں کشمیر ، لداخ ، ہماچل پردیش اور اترا کھنڈ کے برفیلے اور دشوار گزار علاقوں کے لئے ریفرنس کی تاریخ یکم اکتوبر 2026 ہو گی ۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی بارش ہونے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 25اعشاریہ2 ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 19اعشاریہ4ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 32 اعشاریہ 3 ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 20اعشاریہ 6 ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر19 منٹ پر اور غروب آفتاب شام7بجکر45منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ